پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

14 اکتوبر 2019

# ریزرو بینک نے ''دی لکشمی ولاس بینک لمیٹیڈ'' پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک نے اپنے 14 اکتوبر، 2019 کے آرڈر کے ذریعہ ''دی لکشمی ولاس بینک لمیٹیڈ'' (بینک) پر ایک کروڑ روپیہ کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس بینک پر یہ جرمانہ اس کے ذریعہ آر بی آئی کی '' آمدنی کی پہچان اور اثاثہ کی درجہ بندی نارمس ( آئی آر اے سی)'' پر جاری ہدایات کے پراویزن ( کچھ پراویزن ) کی تعمیل نہ کرنے کی وجہ سے یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (C)(I)47A کے پراویزن جن کو سیکشن (I)(4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ریزرو بینک نے اس بینک پر عائد کیا ہے

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیلات میں خامیوں کی بنیاد پر کی گئی ہے اس کا مقصد بینک اور اس کے صارفین کے درمیان کسی ٹرانزیکشن سے متعلق سمجھوتہ پر انگلی اٹھانا نہیں ہے۔

پس منظر:

اس بینک کے اسٹیچوٹری انسپکشن جو کہ 31 مارچ 2017 کو اس کی مالیاتی حیثیت کے حوالہ سے کیا گیا تھا، میں یہ انکشاف ہوا کہ بینک نے آر بی آئی کے ذریعہ '' آمدنی کی پہچان اور اثاثہ کی درجہ بندی نارمس'' پر جاری ہدایات پر عمل نہیں کیا ہے۔ انسپکشن رپورٹ کی بنیاد پر اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا تھا کہ کیوں نہ اس پر ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے جرمانہ عائد کر دیا جائے۔ بینک کے جواب اور اضافی جانچ پر داخل وضاحت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ ہدایات کی تعمیل پر عمل نہیں کیا گیا ہے لہٰذا اس بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

**یوگیش دیال**

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 940/2019-2020